© rasailojaraid.com



# رسید تحائفِ احباب

**مجلہ فقہ اسلامی کے قارئین اور ہمارے بعض محبین نے حسب ذیل علمی تحائف ہمیں بھیجے ہیں۔ ہم اپنے ان احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالی سے دعاء گو ہیں کہ وہ مرسلین کو اجر جزیل سے سرفراز فرمائے (آمین) (واضح رہے کہ یہ تحائف کا تذکرہ اور ان کی وصولی کی رسید ہے کوئی تبصرہ نہیں اور نہ ہم خود کو کسی تبصرہ کا اہل خیال کرتے ہیں)۔ مجلس ادارت۔**

اس بار موصول ہونے والے علمی تحائف میں سرفہرست ایک ضخیم سی کتاب ہے جو مدارس اسلامیہ کے طلبہ کے لئے ایک عمدہ تحفہ ہے...... یہ موٹی سی مجلد کتاب ہمارے ان نفیس سے مخدوم ومحترم حضرت علامہ سردار احمد حسن سعیدی صاحب نے ترتیب دی ہے جنہیں موٹی موٹی چیزیں بالکل پسند نہیں بلکہ وہ نفاست و باریک بینی کے قائل ہیں، مگر یہاں ان کے ساتھ ہاتھ ہوگیا انہوں نے علم صرف کا نہایت باریک بینی سے جائزہ لینا شروع کیا تو ہوتے ہوتے یہ ایک موٹی سی کتاب بن گئی......اور یہ ہے ......تصریفات......یعنی علمِ صرف کی گردانوں ، ابواب ، قوانین، خاصیات ، فوائد ، اور اہم اصطلاحات صرفیہ کا انسائیکلو پیڈیا۔ایک سو اکیانوے صفحات کی اس کتاب کی چند نمایاں خصوصیت یہ ہیں کہ، اس میں جملہ اصطلاحاتِ صرفیہ کا ایک نئے انداز سے احاطہ کیا گیا ہے، ہر باب کے آغاز میں جدول کے اندر فعل کے مصدر، مادہ اور معنی کو بیان کیا گیا ہے ہفت اقسام کے جملہ ابواب کا احاطہ کیا گیا ہے، ہر باب کی صرف صغیر اور صرف کبیر جدول کی صورت میں درج ہے، صحیح کے ہر باب کے آخر میں اس باب کی خصوصیات بیان کی گئی ہیں۔علاوہ ازیں قوانین کو مدنظر رکھتے ہوئے باب افتعال کی مختلف مصادر کی گردانیں شامل کی گئی ہیں۔اور دیگر بہت سی خصوصیات کی حامل یہ کتاب برسوں کی کاوش کا نتیجہ ہے، مولف چونکہ خود ایک کہنہ مشق استاذ ومدرس درسِ نظامی ہیں اور طویل تدریسی تجربہ رکھتے ہیں اس لئے انہوں نے اس کتاب میں طلبہ کی صرفی مشکلات کو حل کرنے کی پوری کوشش کی ہے، صرف کے بارے میں جو یہ تاثر مشہور ہے کہ صرفیاں را مغز باشد چوں سگاں، اسے مولف نے الصرف فی العلوم کالبدر فی النجوم سے زایل کرنے کی کوشش کی ہے......اور طلبہ کو دعوت دی ہے کہ وہ

☆لا تنتظر شکرا من احد ویکفی ثواب الصمد وما علیک من جحد وحقد وحسد۔☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



علوم کے بدر سے روشنی حاصل کریں اورزینہ ہائے علم طے کرتے جائیں ......اس طرح یہ ایک قابل ستائش کوشش ہے جس سے صرف جیسے خشک اور رٹوی علم کا حصول بڑی حد تک آسان ہوسکتا ہے ۔کتاب شبیر برادرز نے لاہور سے مئی ۲۰۱۷ میں شائع کی ہے ۔اور یہ اہل سنت کے تمام مکتبات پر دستیاب ہے......ہدیہ درج نہیں۔

ایک اور ہدیہ اس معرکۃ الآرا کتاب کا ہے جس کا نام.....تحریک ختم نبوت اور نوائے وقت......ہے،نوائے وقت پاکستان کے اردواخبارات میں ایک وقیع نام ہے،اس کے بانی اور مدیر جناب حمید نظامی اور مجید نظامی وطن عزیز سے محبت کرنے والوں میں مستند حیثیت رکھتے ہیں ۔کتاب میں تحریک ختم نبوت کے حوالہ سے شائع ہونے والی خبروں، مضامین، اداریوں ،تبصروں ،مذاکروں اورشذروں ،قطعات ،منظومات ،مراسلات ،اشتہارات ،کی کہکشاں سجی ہے ۔

یہ ایک ایسی کتاب بن گئی ہے جس سے تحریک ختم نبوت کو سمجھنا آسان ہوگیا ہے ......تاریخی حوالے ، واقعات کا تسلسل ، اور خود اس کے مدیران کی تحریک سے والہانہ وابستگی اور عشق رسالت مآب سے ان کی سرشاری ان کے قلم سے نکلی ہوئی تحریروں سے عیاں ہے ۔

جناب محمد ثاقب رضا مصطفیٰ قادری صاحب نے دستیاب مواد کو بڑے سلیقے اور بڑی خوبصورتی سے مدون کیا ہے۔کتاب تین ابواب پر مشتمل ہے، باب اول میں تحریک ختم نبوت ۱۹۵۳ء کی روداد مفصل بیان کی گئی ہے ۔باب دوم میں تحفظ ختم نبوت کے لئے پاکستان میں کی جانے والی قانون سازی کی تفصیل بیان کی گئی ہے، باب سوم تحریک ختم نبوت میں نوائے وقت کے کردار پر مشتمل ہے ۔

بلاشبہ جناب ثاقب رضا قادری صاحب نے سوا نوسوصفحات پر مشتمل اس کتاب کی تیاری میں مشقتیں برداشت کی ہوں گی اور حصول وترتیب مواد میں بھی متعدد صعوبتوں سے گزرنا پڑا ہوگا ، تاہم ان کی یہ کاوش آئندہ تحقیق کرنے والوں کے لئے ایک باب وا کررہی ہے کہ دیگر مجلّات ، جرائد واخبارات کی فائلوں کی مدد سے اور بھی بہت کچھ سامنے لایا جاسکتا ہے ۔

ہمیں یہ تحفہ دارالنعمان سے جناب مولانا مقصود احمد صاحب نے عنایت فرمایا چونکہ اس کا ابھی صرف سرسری مطالعہ ہوسکا ہے اس لئے کچھ زیادہ تعارف نہیں پیش کیا جاسکا۔ہدیہ ایک ہزار روپے درج ہے جو اس جیسی خوبصورت چھپی ہوئی کتاب کا مناسب ہدیہ ہے ۔

کتاب ملنے کا پتہ حسب ذیل ہے : دکان نمبر۴، حلیمہ ہادیہ پلازا ،غزنی اسٹریٹ اردو بازار لاہور۔

☆اذا اصبحت فلا تنتظر المساء واعمل فی صحتک الیوم واجمع لنفسک لا صلاح یوم ملک.☆

© rasailojaraid.com